22-04-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ کے ٹی آر نے کہا ہے کہ کالیشورم سے متعلق ہائی کورٹ کا فیصلہ سی ایم ریونت ریڈی اور کانگریس کیلئے ایک بڑا دھکا ہے۔

۲۔ آندھراپردیش کے سابق وزیر اعلیٰ این بھاسکر راؤ 90 برس کی عمر میں حیدرآباد میں چل بسے۔ سیاسی لیڈرس نے ان کی موت پر اظہار تعزیت کیا ہے۔

۳۔ وزیر پونم پربھاکر نے آر ٹی سی ملازمین پر ہڑتال ختم کردینے پر زور دیا ہے جبکہ حیدرآباد میٹرو ٹرینوں کی تعداد میں اضافہ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

اور

۴۔ ٹاملناڈو اور مغربی بنگال میں اسمبلی انتخابات کے تحت کل جمعرات کو رائے دہی ہوگی۔

KTR

بی آر ایس پارٹی کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے کالیشورم پروجیکٹ کے تعلق سے ہائی کورٹ کے فیصلہ کو وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی اور کانگریس حکومت کیلئے ایک بڑا دھکا قرار دیا ہے۔ کے ٹی آر نے کہا ہے کہ عدالتی فیصلہ سے یہ ثابت ہوا ہے کہ جب بھی دستور اور قوانین کی خلاف ورزی ہوتی ہے تب عدلیہ مداخلت کرتی ہے۔ مختلف خامیوں کی بنا پر جسٹس پی سی گھوش کمیشن کی رپورٹ کی اساس پر عدالت نے کسی بھی طرح کی کارروائی کو ممنوع قرار دیا ہے جسے اجاگر کرتے ہوئے کے ٹی آر نے ریمارک کیا کہ پارٹی کا طویل عرصہ سے یہ موقف رہا ہے کہ کمیشن، پی سی رپورٹ کی طرح کام کررہا ہے، صحیح ثابت ہوا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عدالتی فیصلہ سے یہ بات ظاہر ہوئی ہے کہ سیاسی فائدہ کیلئے اختیارات کا غلط استعمال کیا جارہا ہے۔

KISHAN:

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے ایک صحافتی بیان جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ کالیشورم پروجیکٹ کے تعلق سے تلنگانہ ہائی کورٹ کے فیصلہ سے کانگریس حکومت کی ناکامیاں ظاہر ہوئی ہیں۔انہوں نے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وہ ٹھوس ثبوت کے باوجود عدالت میں رشوت کے تعلق سے مناسب ثبوت پیش کرنے میں قانونی طور پر ناکام رہے۔وزیر نے ریمارک کیا کہ حکومت، جسٹس گھوش کمیشن کی رپورٹ کو ٹھوس طریقہ سے حمایت نہیں کرسکی جس سے سسٹم کی ناکامی ظاہر ہوتی ہے۔

CM-TRIBUTES:

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے پہلگام دہشت گرد حملہ کی پہلی سالگرہ کے موقع پر مہلوکین کو خراج پیش کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ اس طرح کے واقعات ملک کی یکجہتی کو کمزور نہیں کرسکتے۔انہوں نے زور دے کر کہا کہ مہلوک فوجیوں کی قربانیاں ہمیشہ یاد رہیں گی جبکہ ملک کے خلاف دہشت گرد سازشیں ناکام ہوتی رہیں گی۔مہلوک خاندانوں کے ساتھ اظہارِ یکجہتی کرتے ہوئے سی ایم نے کسی بھی طرح کی دہشت گردی کو شکست دینے کے لئے ملک کے عزائم کا اعادہ کیا۔

NALGONDA:

نلگنڈہ کے کلکٹر چندر شیکھر نے چہارشنبہ کو رام نگر میں واقع اقلیتی گرلز اقامتی اسکول اور کالج کا اچانک معائنہ کیا۔حکومت کے 99 ویں روزہ ایکشن پلان کے تحت کلکٹر نے سہولتوں اور حفظانِ صحت کا جائزہ لیا۔انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ گرمائی تعطیلات کے بعد اسکولوں کے دوبارہ کھلنے سے پہلے تمام بڑے اور چھوٹے موٹے مرمتی کام مکمل کرلئے جائیں۔

RAJANNA SIRCILLA:

راجنا سرسلہ کی ضلع کلکٹر گریما اگروال نے کہا ہے کہ طلبہ کی اختراعی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لئے ٹیلنٹ کے مقابلوں کا انعقاد کیا گیا ہے۔ فلاحی ہفتہ کے دوران بدن پلی میں واقع ٹی جی ایس ڈبلیو آر ایس پی ایم شری اسکول میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے انہوں نے مختلف مقابلوں میں کامیاب طلبہ میں انعامات تقسیم کیے اور حکومت کی جانب سے کیے جارہے اقدامات پر روشنی ڈالی۔ کلکٹر گریما اگروال نے یہ بات نوٹ کی کہ تمام اقامتی اسکولوں میں صفائی مہم چلائی گئی جبکہ انہوں نے اس سلسلہ میں حکومت کو مرمتی کاموں پر مشتمل تجاویز پیش کرنے کا تیقن دیا۔ طلبہ کی نصابی کتابوں سے ہٹ کر مختلف سرگرمیوں کے تعلق سے حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کلکٹر نے ان پر زور دیا کہ اخبارات کا مطالعہ کریں اور اسپورٹس میں اپنی صلاحیتوں میں اضافہ کرتے ہوئے سوشل میڈیا پر وقت برباد کرنے سے بچیں تاکہ زندگی میں اعلیٰ مقاصد حاصل کیے جاسکیں۔

AZHARUDDIN:

تلنگانہ کے وزیر اقلیتی بہبود محمد اظہر الدین نے حج 2026ء کے تحت مختلف انتظامات کو قطعیت دینے کیلئے منعقدہ ایک اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس کی صدارت کی۔ حیدرآباد سے روانہ ہونے والے تقریباً 10 ہزار عازمین حج کیلئے معیاری سہولتوں کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا۔ عازمین کی روانگی کا عمل 4 مئی تا 31 مئی رہے گا۔ فلائی ناز کے ذریعہ چارٹر طیاروں میں سوار ہوکر عازمین سفر حج کیلئے روانہ ہوں گے جبکہ واپسی کا عمل جون میں ہوگا۔ اظہر الدین نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ بزرگ اور خاتون عازمین کی مدد کو ترجیح دی جائے۔ دستاویز کی جانچ، میڈیکل کیمپس اور ٹرانسپورٹ کی سہولت بھی فراہم کی جائے۔ اظہر الدین نے پولیس اور جی ایچ ایم سی اور محکمہ صحت کے شعبوں کے درمیان تال میل پر زور دیتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ مقدس سفر کے دوران تمام عازمین کو ٹھوس سہولتیں فراہم کی جائیں گی۔

ELECTIONS:

ٹاملناڈواورمغربی بنگال میں کل جمعرات کواسمبلی انتخابات کے تحت رائے دہی ہوگی۔ٹاملناڈو کے تمام 234 حلقوں میں ایک ہی مرحلہ میں ووٹنگ ہوگی جبکہ پانچ کروڑ73لاکھ رائے دہندے ووٹ دیں گے۔اسی طرح مغربی بنگال میں 16اضلاع کے تحت 152اسمبلی حلقوں میں پولنگ ہوگی جہاں ایک ہزار 478امیدوار میدان میں ہیں۔مغربی بنگال میں دوسرے مرحلہ کی رائے دہی اگلے چہارشنبہ کوہوگی۔انتخابی عہدیداروں نے اس سلسلہ میں ٹھوس انتظامات کئے ہیں۔

NADENDLA:

آندھراپردیش کے سابق وزیراعلیٰ این بھاسکرراؤ90ویں برس کی عمرمیں چہارشنبہ کوچل بسے۔وہ کانٹی نینٹل ہاسپٹل میں زیرعلاج تھے۔جسدخاکی کو جوبلی ہلز میں واقع ان کی قیام گاہ پررکھا گیا ہے جہاں افرادِخاندان، دستوں اور مداحوں کوآخری دیدار کا موقع ملے گا۔وصیت کے مطابق حیدرآباد کے علاقہ پنجہ گٹہ میں واقع شمشان گھاٹ میں جمعرات 23اپریل کو چار بجے شام آخری رسومات انجام دی جائیں گی۔

CONDOLENCES:

بھاسکرراؤ کی موت پرتلنگانہ بھر کے سیاسی لیڈر نے گہرے رنج کا اظہار کیا ہے۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی، ان کے نائب بھٹی وکرامارکہ اور ٹی پی سی سی صدر مہیش کمار گوڑ نے بطور ایم ایل اے، ایم پی اور وزیرآنجہانی کی خدمات کوخراج پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے عوام کی خدمت کیلئے کافی وقت گزارا۔مرکزی وزراء کشن ریڈی، بنڈی سنجے اور بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندرراؤ نے بھی خراج پیش کرتے ہوئے بھاسکرراؤ کی سیاسی خدمات کو یادکیا۔

PONNAM - STRIKE:

ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے آر ٹی سی ملازمین پر زور دیا ہے کہ اپنی ہڑتال سے دستبردار ہوجائیں۔ انہوں نے کارپوریشن کی خدمات، روزانہ سفر کرنے والے 65لاکھ مسافرین کیلئے لائف لائن کی حیثیت رکھتی ہے جن میں 40لاکھ خواتین کی تعداد بھی شامل ہیں۔ وزیر نے کہا کہ حکومت نے 32 کے منجملہ 29 مطالبات کوقبول کرلیا ہے جبکہ انضمام اور یونینوں سے متعلق دیگر تکنیکی مسائل کوحل کرنے کے لئے بھی تیار ہیں۔انہوں نے مہالکشمی اسکیم کونقصان پہنچانے کیلئے اپوزیشن کی جانب سے مبینہ طور پر ورکرس کو بھڑ کانے کا الزام عائد کرتے ہوئے حالیہ فلاحی اقدامات کا ذکر کیا جن میں بانڈ کے سٹلمنٹ کیلئے 280 کروڑ اور ایک ہزار 134 تقررات شامل ہیں۔ وزیر پونم پربھاکر نے حکومت کے ان عزائم کا اعادہ کیا کہ آر ٹی سی کی بقاء کو یقینی بنایا جائے گا جبکہ یہ بات بھی یقینی ہوگی کہ کوئی بھی ملازم اپنی نوکری سے محروم نہ ہو۔

METRO:

ٹی جی آر ٹی سی کی ہڑتال کی وجہ سے مسافرین کو ہورہی مشکلات کے ضمن میں حیدرآباد میٹرو ریل نے ٹرینوں کی تعداد میں اضافہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ایچ ایم آر ایل اور ایل اینڈ ٹی ایم آر ایچ ایل نے فیصلہ کیا ہے کہ صرف مصروف اوقات کے بجائے دن بھر تمام 56ٹرینوں کو چلایا جائے گا۔میاں پور۔ایل بی نگر کوریڈور پر ہر چار منٹ اور بیس سکنڈ کے وقفہ سے ٹرینیں چلائی جائیں گی جبکہ ناگول اور رائے درگ کاریڈور پر ہر تین منٹ چالیس سکنڈ کے وقفہ میں ٹرینیں چلیں گی۔اس کے علاوہ عہدیدار گیارہ بجے شب کے بعد بھی میٹرو کی خدمات میں توسیع دینے پر غور کررہے ہیں۔

PADDY:

سرکاری وہپ و آلیر کے ایم ایل اے، بی ایلیا نے آج پدا تانڈا، پلے پہاڑ اور مادا پور مواضعات میں دھان کی خریداری کے مراکز کا افتتاح کیا۔ انہوں نے کسانوں کو یقین دلایا کہ حکومت، اچھی قیمت پر ان کے اناج کا آخری دانا بھی خریدے گی اور مذکورہ مراکز پر تمام تر سہولتیں فراہم کی جائیں گی۔ ایلیا نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ دھان میں نمی کو اچھی طریقہ سے جانچہ جائے اور وزن کو ناپا جائے جبکہ کسان اس سلسلہ میں درمیانی افراد سے رابطہ نہ کر پائیں۔

ADLURI:

سماجی بھلائی کے ریاستی وزیر اڈلوری لکشمن کمار نے کہا ہے کہ عوامی تعلیم میں والدین کے بھروسہ کو بڑھانے کے لئے حکومت کی اصلاحات اہمیت کی حامل ہیں جیسا کہ اقامتی اور ریاستی اسکولوں میں داخلوں کی بڑھتی تعداد اس بات کا ثبوت ہے۔ ضلع جگتیال میں کلکٹر ستیا پرساد کے ساتھ ایک گروکل کا دورہ کرتے ہوئے وزیر لکشمن کمار نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کے اس نظریہ کو اجاگر کیا جس کے تحت غریب بچوں کو کارپوریٹ سطح کی تعلیم دی جا رہی ہے۔ وزیر نے اس موقع پر ینگ انڈیا انٹی گریٹیڈ اسکولوں اور عصری ٹکنالوجی سنٹرس قائم کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ اگلے تعلیمی سال کی شروعات سے تغذیہ بخش ناشتہ کی سہولت اور ہاسٹل سہولتوں میں اضافہ کو ترجیح دی جائے گی۔

ADI SRINIVAS:

سرکاری وہپ و ویملواڑہ ایم ایل اے آدی سرینواس نے کہا ہے کہ ترقی اور بھلائی ریاستی حکومت کی دو ترجیحات ہیں۔ انہوں نے چندورتی میں 90 استفادہ کنندگان میں کلیان لکشمی اور شادی مبارک کے چکس تقسیم کرتے ہوئے رواں آبپاشی پروجیکٹ بشمول آشی ریڈی پلے کیلئے کینال کے کاموں کو اجاگر کیا اور بتایا کہ سورماٹینک کیلئے ڈھائی سو کروڑ روپے جاری کئے گئے ہیں۔ انہوں نے تمام طبقات کی بھلائی اور اناج کی خریدی کیلئے مراکز کے قیام سے متعلق وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کے عزائم کا اظہار کیا۔

PM:

وزیراعظم نریندر مودی نے سرکاری ملازمین پر زور دیا ہے کہ ایک ترقی یافتہ ہندوستان کی تعمیر کیلئے اپنی جانب سے کاوشیں کرتے رہیں جبکہ تیزی سے بدلتی تکنالوجیکل تبدیلیوں کے اس دور میں مسلسل سیکھنا بھی ضروری ہے۔ کرم یوگی سادھنا سپتا کے پیش نظر ایک خط میں وزیراعظم نے یہ بات نوٹ کی کہ صلاحیتوں میں اضافہ کرنا اب اختیاری نہیں بلکہ عالمی سطح کی صورتحال اور توقعات کے پیش نظر ضروری ہوگیا ہے۔ انہوں نے عہدیداروں کو مشورہ دیا کہ آئی گاٹ کرم یوگی جیسے پلیٹ فارم کے ذریعہ مسلسل سیکھتے رہیں تا کہ 21 ویں صدی میں چیالنجس اور مواقع کے تعلق سے حکومت کے اختراعی اقدامات کو یقینی بنایا جاسکے۔

VIVEK:

ریاستی وزیر وویک وینکٹ سوامی نے مہلوک ورکرس کے افراد خاندان کو سی ایم ریلیف فنڈ کے تحت پانچ لاکھ روپے کے ایکس گریشیاء چک تقسیم کئے۔ حال ہی میں ورکرس کی موت کے واقعہ کے تعلق سے انہوں نے یقین دلایا کہ ورثاء کی مکمل مدد کی جائے گی۔

PUSHKARALU

انڈومنٹس کی پرنسپال سکریٹری شیلجا رامیر اور سینئر عہدیداروں نے گورنر شیو پرتاپ شکلاء سے ملاقات کر کے انہیں 21 مئی کو سرسوتی انتیا پشکرالو میں شرکت کی دعوت دی۔ اس کے علاوہ اچم پیٹ کے ایم ایل اے وامشی کرشنا اور ایم سی ای ایم ای کے کمانڈنٹ لیفٹیننٹ جنرل نیرج ورشنی نے بھی گورنر سے ملاقات کرتے ہوئے علاقائی موضوعات اور اداروں کے معاملات پر بات چیت کی۔

○○